روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 7 مارچ 2009ء 9 ربیع الاول 1430 ہجری 7 امان 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 53

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن کریم کا بڑے زور شور سے یہ دعویٰ ہے کہ وہ حیات روحانی صرف متابعت اس رسول کریمؐ سے ملتی ہے۔

(آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد5 صفحہ196)

ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے دس لاکھ کے قریب قول و فعل میں سراسر خدائی کا ہی جلوہ نظر آتا ہے۔

(آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد5 صفحہ:116)

وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گذرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہوگئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔ (برکات الدعا، روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 11،10)

وہ انسان جو سب سے زیادہ کامل اور انسان کامل تھا اور کامل نبی تھا اور کامل برکتوں کے ساتھ آیا جس سے روحانی بعث اور حشر کی وجہ سے دنیا کی پہلی قیامت ظاہر ہوئی اور ایک عالم کا عالم مرا ہوا اس کے آنے سے زندہ ہو گیا وہ مبارک نبی حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء ختم المرسلین فخر النبیین جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے پیارے خدا اس پیارے نبی پر وہ رحمت اور درود بھیج جو ابتداء دنیا سے تو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔

(اتمام الحجہ، روحانی خزائن جلد8 صفحہ308)

اس کریم و رحیم خدا کا ہزار ہزار شکر ہے جس نے قرآن مجید جیسی پاک کتاب بھیج کر اور جناب خاتم الانبیاء سید الاولین والآخرین کو دنیا کی اصلاح کے لئے مبعوث فرما کر وحشی انسانوں کو پھر نئے سرے سے انسانیت سکھلائی اور کروڑہا دلوں کو ایمان اور عمل صالح سے منور کیا۔

(آریہ دھرم، روحانی خزائن جلد 10 صفحہ1)

## چاند کا ٹکڑا

حضرت کعب بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ جب مسرور ہوتے تو آپ کا چہرہ یوں دمک اٹھتا جیسے چاند کا ٹکڑا ہے اور ہم آپ کی خوشی کو اس کیفیت سے پہچان لیتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی حدیث نمبر:3292)

## امۃ المنان سکالرشپ

(برائے فائن آرٹس)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ امسال نظارت تعلیم کے تحت ایک اور سکالرشپ امۃ المنان سکالرشپ جاری کیا گیا ہے۔ یہ سکالرشپ صرف ان طالبات کے لئے ہوگا جنہوں نے امسال HEC سے منظور شدہ کسی ادارے میں بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ لیا ہو۔ ہر سال دو طالبات کو یہ سکالرشپ دیا جائے گا۔ طالبات سے درخواست ہے کہ وہ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم اپنی درخواست مکرم صدر صاحب/مکرم امیر صاحب کی تصدیق، انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی، بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ کے ثبوت کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو ارسال فرمائیں۔ یہ سکالرشپ صرف طالبات کے لئے ہے۔ درخواست بھجوانے کی تاریخ میں 15 مارچ 2009ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ قواعد اور مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم سے لی جا سکتی ہیں۔

فون نمبر: 047-6212473

(نظارت تعلیم)

## داخلہ کمپیوٹر کورس

(مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہشمند خدام اپنی درخواستیں دفتر خدام الاحمدیہ میں جمع کروا دیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**کمپیوٹر انٹروڈکشن**

ونڈوز بیسک/ایم ایس آفس/ان پیج

دورانیہ 1 ماہ فیس-/1000 روپے

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ربوہ)

## درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

# گیارہویں سپورٹس ریلی 2009ء

## مجلس انصاراللہ پاکستان

خداتعالیٰ کے فضل کے ساتھ خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے پہلے سال میں مجلس انصاراللہ پاکستان کو گیارہویں سپورٹس ریلی مورخہ 20 تا22 فروری 2009ء کو ربوہ میں منعقد کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ یہ سہ روزہ ریلی بفضل خدا نہایت کامیاب رہی۔ جس میں پاکستان بھر سے 697/ انصار نے شرکت کی۔ سپورٹس ریلی کے انعقاد کے متعلق صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی دعائیہ فیکس کے جواب میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تحریر فرمایا۔

**مجلس انصاراللہ پاکستان کے تحت سپورٹس ریلی کے انعقاد کے بارہ میں آپ کی فیکس موصول ہوئی۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ اللہ تعالیٰ اس پروگرام کو ہر لحاظ سے کامیاب بنائے اور اپنے فضل سے اس کے بہترین نتائج پیدا فرمائے اور سب ممبران کو نیکی کے ہر میدان میں کامیابیوں سے نوازے اور انہیں احمدیت کی حقیقی تعلیم کے مطابق اپنی زندگیاں گزارنے کی توفیق دے۔ آمین**

### افتتاح

مورخہ 20 فروری کو صبح 9 بجے محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی زیرصدارت افتتاحی تقریب ایوان محمود ہال میں منعقد ہوئی۔ ربوہ سمیت پاکستان بھر سے ریلی میں شریک ہونے والے کھلاڑیوں اور ان کی حوصلہ افزائی کے لئے تشریف لانے والے کثیر تعداد میں احباب نے افتتاحی تقریب میں شمولیت کی۔ تلاوت قرآن کریم، عہد اور نظم کے بعد مکرم پروفیسر قریشی عبدالجلیل صادق صاحب منتظم اعلیٰ نے سپورٹس ریلی کا ابتدائی تعارف پیش کرتے ہوئے مقابلہ جات کی تفصیلات، نظم وضبط اور قواعد کی پابندی سے متعلق تفصیلی ہدایات سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد سال گزشتہ کے بہترین کھلاڑی مکرم شبیر احمد صاحب علاقہ سندھ نے چند دعائیہ کلمات کے ساتھ باضابطہ ریلی کے افتتاح کا اعلان کیا اور افتتاحی دعا محترم صدر مجلس انصاراللہ پاکستان نے کروائی۔ جس کے فوراً بعد مقابلہ جات کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔

### انتظامات

سپورٹس ریلی کے موقع پر بیرون ربوہ سے تشریف لانے والے مہمانوں کے لئے دارالضیافت، دفتر انصاراللہ، خدام الاحمدیہ، وقف جدید اور دفتر جلسہ سالانہ کے گیسٹ ہاؤسز میں رہائش کا انتظام کیا گیا تھا۔ باجماعت نمازوں کے لئے ایوان محمود کے لان میں جبکہ تمام مہمانوں کے اجتماعی طور پر کھانا کھانے کا انتظام دفتر انصاراللہ کے سبزہ زار میں کیا گیا تھا۔

دوران ریلی مقابلہ جات کروانے کے لئے مختلف جگہیں استعمال کی گئیں جن میں ایوان محمود ہال، احاطہ دفتر انصاراللہ، گراؤنڈ صدر انجمن، عقب خلافت لائبریری اور جلسہ گاہ نزد بیوت الحمد شامل ہیں۔ خداتعالیٰ کے فضل سے تمام مقابلہ جات نہایت پُرامن اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئے۔ جملہ کھلاڑیوں نے میچز کے دوران انتظامیہ کے فیصلوں کو بشاشت سے قبول کرتے ہوئے بہترین سپورٹس مین سپرٹ کا مظاہرہ کیا۔ مقابلہ جات کے دوران رونما ہونے والے مسائل کے بروقت حل کے لئے جیوری آف اپیل اور ٹیکنیکل کمیٹی بھی قائم کی گئی تھی جنہوں نے موقع پر بعض پیدا ہونے والے مسائل کے فوری حل پیش کئے۔ ریلی کے دوسرے روز سیکنڈ سیشن میں بعض مقابلہ جات کے فائنل میچز دیکھنے کے لئے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ بنفس نفیس تشریف فرما ہوئے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ آپ کے ساتھ دیگر بزرگوں میں محترم صدر مجلس انصاراللہ پاکستان اور بعض ناظران اور وکلاء بھی تشریف لائے۔

### رنگ بہار

سپورٹس ریلی کا ایک دلچسپ پروگرام کیمپ فائر کا ہے جسے رنگ بہار کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ امسال اس پروگرام میں محترم چوہدری حمید نصراللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور کی زبانی خلفائے سلسلہ سے متعلق ان کی شیریں اور ایمان افروز یادیں انصار بھائیوں کو براہ راست سننے کا یادگار موقع میسر آیا۔ محترم چوہدری صاحب کے خطاب سے قبل محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب نے ان کے آباءواجداد کا تعارف پیش فرمایا۔ چوہدری صاحب کے خطاب کے دوران محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب بھی خلفاء کے متعلق اپنی یادداشتوں کا ذکر فرماتے رہے۔ حاضرین اس پُرکیف مجلس سے ازحد لطف اندوز ہوئے۔ یہ پروگرام 21 فروری کو رات 8 سے 11 بجے تک جاری رہا۔

### اختتامی تقریب

سپورٹس ریلی کے تیسرے روز مورخہ 22 فروری 2009ء کو دن ساڑھے 12 بجے مقابلہ جات کے آخری مرحلے اور اختتامی تقریب کا آغاز مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی کی تشریف آوری پر ہوا۔ اختتامی تقریب سے قبل دو فائنل میچز ٹیبل ٹینس ڈبل صف دوم علاقہ لاہور اور علاقہ ربوہ کے مابین جبکہ دوسرا میچ بیڈمنٹن ڈبل صف دوم علاقہ ربوہ کی ہی دوٹیموں کے درمیان ہوا۔ نہایت دلچسپ مقابلوں کے بعد ٹیبل ٹینس کا میچ علاقہ لاہور کے مکرم مرزا محمود احمد صاحب اور مکرم تحسین احمد صاحب نے جیتا جبکہ بیڈمنٹن میں مکرم خالد محمود صاحب اور مکرم عبدالحلیم قریشی صاحب علاقہ ربوہ کی ٹیم فاتح قرار پائی۔

بعدازاں اختتامی تقریب منعقد ہوئی، تلاوت قرآن کریم، عہد اور نظم کے بعد مکرم منتظم صاحب اعلیٰ سپورٹس ریلی نے ریلی کی مختصر رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ امسال پاکستان بھر سے 9 علاقہ جات کے 697 انصار بھائیوں نے ریلی میں شمولیت اختیار کی جبکہ گزشتہ سال سپورٹس ریلی میں 9 علاقہ جات کے 643 انصار بھائی شامل ہوئے تھے۔ امسال ریلی میں 12 مختلف کھیلوں کے مقابلہ جات ہوئے جن میں بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، رسہ کشی، کلائی پکڑنا، والی بال، گولہ پھینکنا، تھالی پھینکنا، 100 میٹر دوڑ، سائیکل ریس، پیدل چلنا اور سیر کے بعد مشاہدات قلمبند کرنا شامل تھے۔ ان تین دنوں میں کل 470 میچز کروائے گئے۔ صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی ہدایت پر گزشتہ کچھ سالوں کی طرح امسال بھی رسہ کشی کا ایک خصوصی نمائشی میچ ناظمین علاقہ وضلع اور مرکزی عاملہ کے مابین منعقد کروایا گیا جو نہایت ہی دلچسپ رہا اور زبردست مقابلہ کے بعد پہلی مرتبہ مرکزی عاملہ کی ٹیم نے جیت لیا۔

سپورٹس ریلی کی رپورٹ کے بعد محترم مہمان خصوصی نے مقابلہ جات میں پوزیشنز حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم فرمائے۔ امسال معمر ترین کھلاڑی مکرم چوہدری عنایت اللہ اٹھوال صاحب علاقہ فیصل آباد بعمر 70 سال نے مقابلہ رسہ کشی میں حصہ لیا۔ امسال سالانہ سپورٹس ریلی انصاراللہ پاکستان کے بہترین کھلاڑی مکرم شبیر احمد صاحب آف علاقہ سندھ رہے جو کہ مقابلہ گولہ پھینکنے میں اول، تھالی پھینکنے میں دوم اور نیزہ پھینکنے میں دوم رہے جبکہ رسہ کشی کی ٹیم میں بھی شامل ہوئے۔ امسال مقابلہ جات میں مجموعی طور پر بہترین علاقہ ربوہ رہا۔ تقسیم انعامات کے بعد محترم مہمان خصوصی نے اختتامی خطاب کیا جس میں انہوں نے انصار بھائیوں کو اپنی اور اپنے بچوں کی ذہنی اور جسمانی صحت کو برقرار اور بہتر رکھنے کے لئے سارا سال ورزش کرنے کی تلقین فرمائی۔ اس موقع پر حاضرین کی کثیر تعداد کی وجہ سے ایوان محمود کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ آخر پر محترم مہمان خصوصی نے اختتامی اجتماعی دعا کروائی۔ نماز ظہر وعصر باجماعت ادا کرنے کے بعد حاضرین کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا اور اس طرح مجلس انصاراللہ پاکستان کی گیارہویں سالانہ سپورٹس ریلی کامیابی کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچی۔

(رپورٹ ایم۔اے رشید)

# خلافت جوبلی پروگرامز

(لجنہ اماءاللہ شیخوپورہ)

محض خداتعالیٰ کے فضل سے لجنہ اماءاللہ شیخوپورہ شہر وضلع کو خلافت جوبلی نہایت عقیدت ومحبت سے منانے کی توفیق ملی۔ اس بابرکت سال کے حوالہ سے سارے ضلع میں خلافت جوبلی کے حوالے سے بھرپور پروگرامز منعقد کئے گئے۔ جن میں حاضری بھرپور رہی۔

ضلع بھر کی 28 جماعتوں میں جلسہ یوم خلافت بھرپور طریق سے منعقد ہوا۔ اس کے علاوہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں 24 مئی 2008ء کو ضلعی جلسہ شیخوپورہ شہر کی مرکزی بیت المبارک میں منعقد ہوا جس کی حاضری 400 سے زائد تھی۔ اسی سال کی مناسبت سے 2 کتب کے مسودات بھی مرکز بھجوائے گئے۔ (1) حضرت ام عمارہؓ (2) حضرت استانی سکینۃ النساء صاحبہ

خلافت جوبلی کے حوالے سے شیخوپورہ شہر کے بھی تمام حلقہ جات میں خلافت ڈے کے حوالے سے اجلاسات ہوئے۔ اسی طرح خلافت کے موضوع پر تقاریر، مضامین، کوئز پروگرام، علمی مقابلہ جات، معلوماتی پروگرام، یوم مصلح موعود، پانچوں خلفاء کے دنوں کی مناسبت سے تقاریب، مشاعرہ، نمائش، مقابلہ مطالعہ کتب اور نومبائعات کے خصوصی پروگرام کا بھی انعقاد ہوا۔ ان تمام پروگراموں میں حاضری بھرپور رہی۔ پھر یہی نہیں بلکہ خدمت خلق کے میدان میں بھی لجنہ نے غیرمعمولی مساعی اختیار کرتے ہوئے 800 سے زائد بھوکوں کو کھانا کھلایا اور 50 سے زائد نادار مریضوں میں تحائف تقسیم کئے۔

27 مئی 2008ء کے دن کا آغاز بھی لجنہ نے باجماعت وانفرادی تہجد سے کیا۔ اس دن صدقات بھی دیئے گئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا تاریخی خطاب ضلع بھر کی تمام لجنات وناصرات نے ایم ٹی اے پر براہ راست سنا۔ اس دن کی مناسبت سے خاص سفید رنگ کے دوپٹے اور خلافت جوبلی بیجز تمام لجنہ وناصرات نے پہنے ہوئے تھے۔

# گھر نمونہ بہشت بن جائیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

”جیسا کہ میں مردوں کو بار بار تاکید کرتا ہوں کہ اپنی عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کیا کریں ایسا ہی میں عورتوں کو بھی خاوندوں کے حقوق کے متعلق وعظ کیا کرتا ہوں۔ عورت اور مرد کے درمیان بہت محبت کے تعلقات ہونے چاہئیں جن سے مومنوں کے گھر نمونہ بہشت بن جائیں“۔

(خطبہ نکاح 5 فروری 1910ء از خطبات نور ص 457)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات 2008ء کے موضوعات

قسط اول

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

### وقف جدید کے سال نو کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 جنوری | 2008ء |
| الفضل | 26 فروری | 2008ء |

حضور نے سورۃ بقرہ کی آیات 263 کی تلاوت فرمائی اس کے بعد مالی قربانی کی اہمیت اور برکات کے ذکر کے بعد وقف جدید کے 51 ویں سال کا اعلان فرمایا۔ حضور نے وقف جدید کی اہمیت اور ثمرات کا بھی تذکرہ فرمایا۔ نومبائعین کو زیادہ سے زیادہ اس تحریک میں شامل کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ اسی طرح بچوں کو خاص طور پر اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی طرف توجہ دلائی۔ وقف جدید میں پاکستان پہلے، امریکہ دوسرے اور برطانیہ تیسرے نمبر پر رہا۔ اس میں شامل افراد کی تعداد 5 لاکھ 10 ہزار ہے۔

### قرآن کریم کی عظمت برکات اور کمالات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 جنوری | 2008ء |
| الفضل | 18 مارچ | 2008ء |

سورۃ بقرہ کی آیت 130 کی تلاوت فرمائی۔ ابراہیم نے جو برپا ہونے والے رسول کی علامات اور کام بتائے ان میں تعلیم کتاب و حکمت بھی تھی۔ آنحضورؐ کو قرآن کی شکل میں وہ عظیم کتاب ملی جو ابراہیمؑ کی قبولیت دعا کا اعلان ہے۔ یہ کلام بغیر تغیر و تبدل کے آج تک موجود ہے۔ اس کے کروڑوں نسخے اور لاکھوں حفاظ ہیں۔ یہ متقیوں کو ہدایت دینے والی ہے۔ اس میں کمالات پائے جاتے ہیں۔ قرآن نے خوبصورت تعلیم ہمیں دی ہے۔ اس کی تعلیم کا اثر ان لوگوں پر ہوتا ہے جو پاک طبیعت اور صفت تقویٰ سے متصف ہوتے ہیں۔ اس کی تعلیم کو اپنے اوپر لاگو کرنا چاہئے۔

### تعلیم حکمت کے بارہ دینی تعلیمات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 جنوری | 2008ء |
| الفضل | 11 مارچ | 2008ء |

ابراہیمی دعا میں تیسری بات تعلیم حکمت تھی۔ اس حوالہ سے انصاف اور عدل کے بارہ میں حکمت کا پُرمعارف بیان حضور نے فرمایا۔ قرآن کی تعلیم کا خلاصہ توحید کا قیام اور حقوق العباد کی ادائیگی ہے۔ قرآن نے عدل کی ایسی پُرحکمت تعلیم بیان فرمائی ہے کہ اگر اس پر عمل کیا جائے تو تمام معاشرتی اور بین الاقوامی مسائل حل ہوجائیں۔ حکمت کے ایک معنی علم کو کامل کرنے کے بھی ہیں۔ آنحضورؐ نے پُرحکمت تعلیم کو کامل کر دیا۔ قرآن میں شرعی احکامات کی حکمت بھی بیان کی۔ نماز کا حکم دیا تو اس کے فوائد اور حکمت بھی بتائے۔ ایک مومن کا فرض ہے کہ وہ قرآن کے حکمت کے موتی تلاش کرے اور ان تعلیمات پر عمل کی کوشش کرے۔

### تزکیہ انسانیت۔ آنحضورؐ کا عظیم معجزہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 جنوری | 2008ء |
| الفضل | 25 مارچ | 2008ء |

ابراہیمی دعا کا چوتھا پہلو تزکیہ و تطہیر کا کام تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو بھی شاندار طریق پر قبول فرمایا۔ آنحضورؐ نے لوگوں کا تزکیہ اور تطہیر کی اور کوئی شخص حقیقی تزکیہ حاصل نہیں کرسکتا جب تک آپؐ کے دامن کو پکڑتے ہوئے آپؐ کی لائی ہوئی تعلیم پر ایمان نہیں لاتا۔ پاکیزگی دلوں کی حالت پاکیزہ بنانے اور عبادتوں کے ساتھ بندوں کے حقوق ادا کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ باطنی صفائی کے ساتھ ظاہری صفائی کو بھی پسند فرماتا ہے۔ آنحضورؐ نے ظاہری صفائی کی تعلیمات بھی دی ہیں اور پاکیزگی کو نصف ایمان قرار دیا۔

### ابراہیمی دعا اور اس کی قبولیت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم فروری | 2008ء |
| الفضل | یکم اپریل | 2008ء |

حضور نے سورۃ البقرہ کی آیت 130 اور 152 کی تلاوت کی جس میں ابراہیمی دعا اور پھر اس کی قبولیت کا ذکر ہے۔ دعا اور قبولیت کے الفاظ میں فرق کی عظیم حکمت بھی بیان فرمائی۔ کتاب اور حکمت کو آخر پر رکھ کر یہ اشارہ کیا گیا ہے کہ انسان کی زندگی کا اصل مقصود نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ احکامات کی حکمتیں تلاش کرنا نہیں بلکہ اصل مقصد تزکیہ نفس ہے۔ صحابہ رسولؐ کا پہلے دن ہی تزکیہ ہوگیا تھا۔ اصل چیز دلوں کی پاکیزگی ہے۔ تزکیہ کے بعد تعلیم کتاب کو حکمت پر مقدم کیا گیا۔ ایمان کی مضبوطی سے نجات ہوگی۔

### ابتلاؤں میں اللہ کی طرف جھکنے اور دعاؤں کی ضرورت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8 فروری | 2008ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 29 فروری | 2008ء |

سعید فطرت اور مستقل مزاج مشکلات میں اپنے رب کی عنایتوں کو سونگھتے اور فراست کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اللہ کے حضور جھکنا ہی احمدی کا خاصہ ہونا چاہئے۔ ابتلاؤں میں سرخرو ہونے کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔ احمدی اپنے ثبات قدم کے لئے دعائیں کریں۔ اللہ کے در کو پکڑیں اور اس طرح جھکیں کہ اللہ ان کی دعاؤں کو قبول فرمائے۔ دنیا کے وہ احمدی جو امن میں ہیں وہ اپنے بھائیوں کے لئے دعا کریں۔ مشکلات کا مقابلہ اللہ کے آگے جھکتے ہوئے دعاؤں کے ساتھ کرتے چلے جائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اپنی حفاظت میں رکھے۔

### تزکیہ نفس، قیام نماز، پنجوقتہ نمازوں کی حکمت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15 فروری | 2008ء |
| الفضل | 8/اپریل | 2008ء |

حضور نے سورۃ العنکبوت کی آیت 46 کی تلاوت فرمائی۔ فرمایا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمارا حضرت مسیح موعود کے ذریعہ تزکیہ نفس ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے تزکیہ نفس کے لئے نماز کو بہت بڑا ذریعہ قرار دیا ہے۔ نمازوں کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ پانچ وقت کی نمازوں میں حکمت یہ ہے کہ نماز کے پانچ اوقات روحانی حالت کا جائزہ مومن کے سامنے رکھتے ہیں۔ ہر احمدی کو پانچ نمازوں کو وقت پر ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

ڈنمارک کے اخبار نے توہین آمیز خاکے شائع کر کے ایک ظالمانہ اور گھٹیا سوچ کا مظاہرہ کیا ہے۔ ایسے ظالمانہ فعل کرنے والوں کے لئے اللہ کافی ہے۔ ہم نے اتمام حجت کردی ہے۔ احمدی پہلے سے بڑھ کر اللہ کے آگے جھکیں اور پہلے سے بڑھ کر آنحضورؐ پر درود بھیجیں۔

### نماز کی اہمیت و برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22 فروری | 2008ء |
| الفضل | 15/اپریل | 2008ء |

آغاز میں حضور نے سورۃ الفاطر آیت 19 کی تلاوت کی اور پھر نماز کی اہمیت و برکات پر روشنی ڈالی۔ نماز دین کا ستون ہے۔ اس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔ خود بھی توجہ کریں اور دوسروں کو نماز کی طرف توجہ دلائیں۔ عبادت انسانی پیدائش کا مقصد ہے اور نفس کی پاکیزگی کے لئے سب سے اہم ذریعہ قیام نماز ہے۔ اپنے عجز و نیاز اور کمزوریوں کو خدا کے سامنے پیش کرنا اور اسی سے حاجت روائی چاہنے کا نام نماز ہے۔

### قرآن کریم کے معترضین اللہ کی پکڑ میں آئیں گے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29 فروری | 2008ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 21 مارچ | 2008ء |

کچھ عرصہ سے دین حق، رسول کریمؐ اور قرآن کی تعلیم پر حملے کر کے دین کو بدنام کیا جارہا ہے۔ قرآن کی تعلیم حقیقت پسندانہ ہے اور لوگ اس طرف مائل بھی ہورہے ہیں۔ کارٹون شائع کرنے والے جذبات مجروح کرنا چاہتے ہیں۔ دین نے بہرحال پھیلنا ہے۔ یہ قرآن کے پیغام سے پھیلے گا۔ قرآن کے پیغام نے بہرحال غالب آنا ہے۔ اس تعلیم سے پاک دل مومن ہی فیض پاتا ہے۔ استہزاء کرنے والے اللہ کی پکڑ میں آئیں گے۔ حضور نے مکرم بشارت احمد مغل صاحب آف کراچی کی شہادت کا تذکرہ فرمایا اور جمعہ کے بعد نماز جنازہ پڑھانے کا اعلان کیا۔

## تلاوت قرآن کے اسلوب اور احکام پر عمل کی برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 مارچ | 2008ء |
| الفضل | 22 اپریل | 2008ء |

جبکہ مغرب کی طرف سے قرآنی تعلیمات پر حملے ہو رہے ہیں ایسے میں احمدی کا فرض ہے کہ وہ اس کی طرف متوجہ ہو کہ ہمیں اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھانا ہے۔ تلاوت قرآن کا حق ادا کریں۔ اس کے اوامر و نواہی کو سمجھیں اس کے حقائق و معارف پر اطلاع پانے والے بنیں۔ عمدہ آواز میں تلاوت قرآن کریم کے حسن کو بڑھاتی ہے۔ تلاوت کا حق مومنین کے نیک اعمال سے مشروط ہے۔

## صفت حلیم کا پُر معارف بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 مارچ | 2008ء |
| الفضل | 29 اپریل | 2008ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت حلیم کے معانی رحم کرنے والا، معاف کرنے والا، درگزر کرنے والا اور پردہ پوشی کرنے والا ہوں گے۔ صفت حلیم کا کامل پرتو بنتے ہوئے آنحضورؐ نے ایک قوم کو خدا کا عبادت گزار بنا دیا۔ بندے کا کام ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی بخشش کے لئے استغفار سے کام لے اور اس کی صفت حلیم سے فائدہ اٹھائے۔ اللہ تعالیٰ صفت حلیم کے تحت فوری طور پر پکڑنے کی بجائے بندے کو ڈھیل دیتا ہے پس استغفار سے کام لینا چاہئے۔

## صفت حلیم کے مظہر آنحضورؐ کی پاکیزہ نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 مارچ | 2008ء |
| الفضل | 6 مئی | 2008ء |

آنحضورؐ کو اللہ تعالیٰ کی صفات کا سب سے بڑھ کر فہم و ادراک حاصل ہوا۔ آپؐ اللہ کی صفت حلیم کے مظہر کامل تھے۔ گستاخوں کے ساتھ بھی انتہائی حلم کے ساتھ پیش آتے۔ غیروں کی زیادتیوں پر درگزر کیا۔ فتح مکہ پر سب کو معاف کر دیا۔ آپؐ نے فرمایا طاقتور پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت جذبات پر قابو پائے۔ غیروں، اپنوں، خادموں، بیوی بچوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا چاہئے اور اپنے غصہ پر قابو پانا چاہئے۔ گالیاں سن کر دعا دینے کی تعلیم پر عمل کریں۔

## صفت رفیق کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 28 مارچ | 2008ء |
| الفضل | 13 مئی | 2008ء |

اللہ کی ایک صفت رفیق ہے۔ حلیم اور رفیق کے ایک مشترک معنی نرمی کرنے والا اور مہربانی کرنے والا ہیں۔ ایک معنی ساتھی کے بھی ہیں اسی طرح نقصان سے بچانے والا، نفع اور فائدہ دینے والا۔ آنحضورؐ محبت وشفقت، نرمی اور رفق کا مجسمہ تھے۔ آپ کو رفیق اعلیٰ کے پاس پہنچنے کی بھی تڑپ تھی۔ درود شریف حصول استقامت کا ذریعہ ہے۔ اسے بکثرت پڑھیں اس کے نتیجہ میں قبولیت کا شیریں ثمر ملے گا۔

دین کے خلاف حملوں میں سرگرمی آئی ہے۔ ہالینڈ کے سرکردہ شخص پر یہ بات کر دینی چاہئے کہ اگر باز نہ آئے تو اللہ کی پکڑ کے نیچے آئے گا۔ حضور نے ڈاکٹر غلام سرور صاحب آف پشاور کی شہادت کا ذکر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا۔

## حضرت مسیح موعود کی حلم و رفق کی تعلیم

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 اپریل | 2008ء |
| الفضل | 20 مئی | 2008ء |

ہر احمدی کو حضرت مسیح موعود کی بعثت کے مقصد کو سامنے رکھنا چاہئے۔ آپ کے آنے کا مقصد بندے کو اللہ کے قریب کرنا اور تقویٰ کے معیار کو بلند کرنا ہے۔ دعائیں اور نیک اعمال ایک مومن کو الٰہی انعام سے فیضیاب کرتے ہیں۔ تکبر، گالی اور سختی چھوڑ کر حلم، رفق اور ہمدردی خلق اختیار کریں۔ نرمی اور صبر کی کمی سے آپس میں جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ رفق اور قول حسن اختیار کریں۔

خلافت جوبلی کے پروگرام منعقد کرنا کافی نہیں۔ انتظامات کرنا مقصود نہیں ہے۔ دعائیں اور نیک اعمال اصل مقصد ہے۔ اللہ کے حکموں پر چلنے کے لئے حضرت مسیح موعود کی کتب بھی ایک بہت بڑا ذریعہ ہیں۔

## سفر کی برکات، اسوہ حسنہ اور راہنمائی

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 اپریل | 2008ء |
| الفضل | 3 جون | 2008ء |

قرآنی تعلیم سفر کے بارہ میں یہ ہے کہ زاد راہ لے لو لیکن بہترین زاد راہ تقویٰ ہے یعنی وہی سفر برکات کا موجب ہوگا جس میں تقویٰ مدنظر ہوگا۔ گویا تقویٰ بنیادی شرط ہے۔ حضور نے اپنے سفر مغربی افریقہ جو شروع کرنے والے ہیں۔ اس کا تذکرہ فرمایا جو کہ خلافت جوبلی تقریبات کا حصہ ہے۔ سفر کے بارہ میں قرآنی دعاؤں کا ذکر، احادیث میں راہنمائی اور اسوہ حسنہ کا بھی بیان فرمایا۔

حضور نے جرمنی کی لجنہ کو جلسہ سالانہ کی اجازت مرحمت فرمائی۔ وہاں انقلابی تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں اور اخلاص و وفا کا اظہار ہوا ہے۔ حضور نے کامیاب جلسوں کے انعقاد کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

## تقویٰ اور احمدی گھرانوں میں شادی کرنے کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 اپریل | 2008ء |
| الفضل | 17 جون | 2008ء |

باغ احمد غانا میں حضور نے جلسہ سالانہ غانا کے موقع پر خطبہ ارشاد فرمایا جس میں تقویٰ کی راہ پر چلنے، نماز باجماعت کی ادائیگی، مالی قربانی کرنے کی تحریک اور لڑکے لڑکیوں کو احمدی گھرانوں میں شادی کرنے کی تلقین فرمائی۔ خلافت کے انعام سے فائدہ اٹھانے کے لئے قیام نماز سب سے پہلی شرط ہے اور اولاد کو بھی انعام کا وارث بنانا ہے تو صرف اپنی پسند کو نہ دیکھیں بلکہ دین کو دیکھیں۔ ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدم کریں۔

## بیت الذکر پورتو نووو بینن کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 اپریل | 2008ء |
| الفضل | 10 جون | 2008ء |

حضور نے یہ خطبہ پورتو نووو بینن میں دیا اور بیت الذکر کا افتتاح فرمایا۔ احمدیوں کے پاس ایمان کی دولت ہے۔ جس سے وہ قربانیاں کرتے ہیں اور ہر جگہ بڑی بڑی بیوت الذکر تعمیر کر رہے ہیں۔ ایمان کی دولت کی حفاظت کرنی چاہئے۔ تعمیر بیت الذکر کی حقیقی خوشی تب حاصل ہوگی۔ جب نیک نیت اور خالص اللہ کی عبادت کرنے والے نمازی پیدا کئے جائیں۔ ایمان کی حفاظت اللہ کے آگے جھکے بغیر ناممکن ہے۔ نماز کی برکت سے ناراضگیوں اور کینوں سے نجات مل جائے گی۔ حضور نے ذیلی تنظیموں کو بھی نصائح فرمائیں کہ خلیفہ وقت کے براہ راست ماتحت ہیں اور ان کا ہر ممبر جماعت کا ایک فرد ہونے کی حیثیت سے نظام کا پابند ہے۔ اپنے پروگرام بناتے وقت امیر سے مشورہ کرلیا کریں۔

## جلسہ سالانہ نائیجیریا کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 مئی | 2008ء |
| الفضل | 24 جون | 2008ء |

ہمارے جلسے پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کے ذریعہ ہیں۔ نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ کریں۔ یہ نیکیوں کی طرف توجہ پیدا کرتی ہے۔ نمازوں کی قبولیت کے لئے اپنے ہر فعل کو درست کرنا ضروری ہے۔ آپس میں نرمی، حسن سلوک، امانتوں کی حفاظت اور عہد کو پورا کریں۔ سچائی پر قائم ہو جائیں۔ حسد، لغویات سے پرہیز کریں۔ خلافت کا وعدہ اعمال صالحہ بجالانے والوں کے ساتھ ہے پس اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں۔

## دورہ مغربی افریقہ کی ایمان افروز روداد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9 مئی | 2008ء |
| الفضل | یکم جولائی | 2008ء |

دورہ مغربی افریقہ (غانا، بینن اور نائیجیریا) سے واپسی پر بیت الفتوح لندن میں حضور نے اپنے کامیاب اور بابرکت دورہ کے حالات بیان فرمائے۔ خلافت جوبلی کے حوالہ سے یہ پہلا دورہ تھا۔ یہ دورہ خلافت سے پیار، محبت اور اخلاص و وفا کی بہترین مثال تھا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود اور خلافت کی محبت سے احمدیوں کو سرتاپا بھر دیا ہے۔ خلافت کے ساتھ اخلاص و وفا کے شاندار نظارے افریقی احمدیوں میں نظر آئے۔ مربیان کرام کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق اور اپنے اخلاق کے اعلیٰ معیار حاصل کرتے ہیں۔ مزید ترقی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

## صفت جبار کا پُر معارف تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 مئی | 2008ء |
| الفضل | 8 جولائی | 2008ء |

خطبہ کے آغاز میں سورۃ الحشر کی آیت 24 کی تلاوت فرمائی جس میں اللہ کی صفت جبار کا بھی ذکر ہے اور لغت کے حوالہ سے تشریح فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کے لئے اس کے معنی ہیں لوگوں کو اپنی نعمتوں سے نوازنے والا، مخلوق کو اپنے منشا کے مطابق اوامر و نواہی پر چلانے والا اور اصلاح کرنے والا ہے۔ بندوں کے لئے جبار کے معنی منفی رنگ کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت ہمیشہ دنیا کو راستی کی طرف بلاتے رہنا ہمارا کام ہے۔ خطبہ ثانیہ میں حضور نے جامعہ غانا کے ایک 20 سالہ واقف نو طالب علم کی بوجہ بیماری وفات کا ذکر کیا۔

## صفت جبار کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23 مئی | 2008ء |
| الفضل | 15 جولائی | 2008ء |

گزشتہ جمعہ کے مضمون کے تسلسل میں جبار کی صفت جس کے معنی اصلاح کرنے والے کے بھی ہیں کا مزید بیان فرمایا اور دو سجدوں کے درمیان دعا میں بھی واجبرنی کا ذکر ہے۔ اس کی تشریح بھی فرمائی۔ حضرت

مسیح موعود کی بعض تحریرات اور الہامات پر بھی حضور نے بیان فرمائے۔ پاک ہونے کا عمدہ طریق ہے کہ انسان کسی قسم کا تکبر اور فخر نہ کرے اور انسان اپنے نفس کو بے حقیقت سمجھے اس سے سچی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

## خلافت جوبلی جلسہ لندن کے حوالہ سے اظہار تشکر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30 مئی | 2008ء |
| الفضل | 22 جولائی | 2008ء |

27 مئی کو ایکسل سنٹر لندن میں خلافت جوبلی کا مرکزی جلسہ منعقد ہوا۔ اس میں 19 ہزار لوگ شامل ہوئے۔ MTA کے ذریعہ لندن کے علاوہ قادیان اور ربوہ کے لوگ بھی مناظر میں شامل ہو گئے۔ یہ ایک منفرد روحانی تجربہ تھا۔ اللہ کے فضل سے تمام دنیا کے احمدی وحدت کی لڑی میں پروئے ہوئے تھے۔ خدا تعالیٰ کے جماعت پر انعامات کی بارش سے جسم کا رواں رواں بھی شکرگزار ہو جائے تو شکر ادا نہیں ہو سکتا۔ مرکزی عہد جو لیا گیا اس کا بڑا اثر ہوا۔ اس عہد کو ہمیشہ ذہنوں میں تازہ رکھیں۔ خلافت کی اطاعت میں نظام جماعت کی اطاعت بھی شامل ہے۔ 27 مئی کو یہ بھی خوشخبری ملی کہ اٹلی میں مشن ہاؤس اور بیت الذکر کے لئے جگہ اور تعمیر کی اجازت مل گئی ہے۔

## صفت رزاق کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 جون | 2008ء |
| الفضل | 29 جولائی | 2008ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت رزاق کی تشریح، لغوی معانی اور پُر معارف تفسیر بیان فرمائی۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو ظاہری اور روحانی رزق عطا کرتا ہے۔ ہر جاندار کے لئے رزق کے سامان کئے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے روحانی رزق کی قدر کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی۔ اللہ جسے چاہتا ہے رزق میں فراخی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے۔ حضرت مسیح موعود کے ذریعہ آج پھر اللہ تعالیٰ نے روحانی رزق کے سامان پیدا کر دیئے ہیں اور مردہ کو زندہ کر دیا ہے اس کی طرف توجہ کرنا ہمارا کام ہے۔

## صفت رزاق کا مزید تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 جون | 2008ء |
| الفضل | 5/اگست | 2008ء |

بحیثیت اشرف المخلوقات انسان کو روحانی اور مادی دونوں رزق کی ضرورت ہے۔ اگر ایک مومن اللہ پر توکل کرے اس کے احکام پر عمل کرے اور تقویٰ کو مدنظر رکھے تو ایسے ذریعوں سے اسے رزق ملتا رہے گا۔ ہر احمدی کو خیال رکھنا چاہئے کہ اس کا کمایا ہوا مال پاک ہو اور پاک مال ہی خدا کی راہ میں خرچ کرے۔

حضور نے پاکستان اور انڈونیشیا کے احمدیوں کو صبر اور حوصلے کی نصیحت فرمائی۔ سو سالہ مخالفت کے باوجود اللہ نے احمدیوں کے لئے رزق کے نئے نئے دروازے کھولے ہیں۔ حضور نے اپنے آئندہ دورہ امریکہ وکینیڈا کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

## جلسہ سالانہ امریکہ کا آغاز

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 جون | 2008ء |
| الفضل | 12/اگست | 2008ء |

جلسہ سالانہ امریکہ بمقام پنسلوانیا کے موقع پر حضور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور یوں جلسہ کا آغاز ہوا۔ جلسوں کا بنیادی مقصد تقویٰ میں ترقی ہے جس سے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کرنی ہے۔ تقویٰ انسان کے لئے سلامتی کا تعویذ اور فتنے سے محفوظ رہنے کے لئے حصن حصین ہے۔ غریبوں سے جھک کر بات کرنا مقبول الٰہی ہونے کی علامت ہے۔ بھائی چارے اور مواخات کو رواج دیں۔ عہدیداران بھی اپنے اندر وسعت حوصلہ پیدا کریں۔ تقویٰ کی کمی امریکی معاشرے میں بہت زیادہ ہے۔ شادیوں کا ٹوٹنا معمول ہے اس بارہ میں تقویٰ اختیار کریں۔ لڑکے اور لڑکیاں دونوں جائزے لیں اور روحانیت کو بڑھائیں۔

## جلسہ سالانہ کینیڈا کا آغاز

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 جون | 2008ء |
| الفضل | 19/اگست | 2008ء |

انٹرنیشنل کانفرنس سنٹر مسی ساگا انٹاریو کینیڈا میں جلسہ سالانہ کینیڈا کے موقع پر حضور نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ جلسہ ہائے سالانہ جو MTA پر دکھائے جاتے ہیں۔ ان سے مختلف قوموں کے احمدیوں کا ایک مزاج اور وحدت ملی بن گئی ہے۔ دنیا بھر میں احمدیوں کا ایک ہی مزاج ہے اور وہ نیکیوں میں آگے بڑھنا اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنا ہے۔ حضرت مسیح موعود کی شاملین جلسہ کے لئے کی گئی دعاؤں سے حصہ پاتے ہوئے ان سجدوں اور عبادتوں کی تلاش کریں جو اللہ تعالیٰ کا قرب دلانے والی ہوں۔ خلافت کی برکات کا فیض بھی عبادت گزاروں کو پہنچے گا۔

## بیت النور کیلگری کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 جولائی | 2008ء |
| الفضل | 26/اگست | 2008ء |

بیت النور کیلگری میں خطبہ ارشاد فرما کر حضور نے اس خوبصورت اور وسیع وعریض بیت الذکر کا افتتاح فرمایا۔ یہ بیت اور کیلگری میں خوبصورت اضافہ ہے۔ 15 ملین ڈالر سے بیت الذکر تعمیر ہوئی ہے۔ حضور نے بیت کے کوائف بیان کرنے کے بعد تعمیر بیوت الذکر کے اصل مقاصد حقوق اللہ، حقوق العباد کی ادائیگی نیز اتفاق واتحاد کا قیام ہے۔ اپنی عبادتوں کے اعلیٰ معیار حاصل کریں اور بیوت الذکر کو آباد کریں۔

## دورہ امریکہ وکینیڈا کی ایمان افروز روداد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 جولائی | 2008ء |
| الفضل | 2 ستمبر | 2008ء |

بیت الفتوح مورڈن میں خطبہ دیا جس میں دورہ امریکہ وکینیڈا کی ایمان افروز روداد بیان فرمائی۔ دونوں ممالک کے جلسہ ہائے سالانہ اور دیگر تقریبات اور میڈیا کوریج کا ذکر فرمایا۔ بیت النور کیلگری کے افتتاح کا بھی ذکر فرمایا۔ اس بیت الذکر کو دنیا بھر میں غیر معمولی کوریج دی گئی ہے۔ ہر ملک کے دورے احمدیت کے حقیقی پیغام کو پہنچانے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائیدات شامل حال رہی ہیں۔ خطبہ ثانیہ کے دوران حضور نے مولانا نورالدین منیر صاحب کا ذکر خیر فرمایا۔

## جلسہ سالانہ یوکے سے قبل مہمان نوازی کی ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 جولائی | 2008ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 8/اگست | 2008ء |

مہمان نوازی انبیاء اور ان کے ماننے والوں کا خاصا ہے اور آپس میں پیار بڑھانے کا ایک ذریعہ ہے۔ مہمان نوازی غیر کو بھی متاثر کرتی ہے اور اس سے دعوت الی اللہ کے راستے بھی کھلتے ہیں۔ جماعت کے جلسے اور لنگر غیروں کو متاثر کرتے ہیں۔ جلسہ کا آغاز روحانی ترقی کے لئے فرمایا گیا۔ کسی مہمان کو تکلیف نہ ہو بلکہ ہر ممکنہ آرام اسے دیا جائے، کیونکہ مہمان کا دل مثل آئینہ نازک ہوتا ہے۔ امسال گزشتہ سالوں کی نسبت زیادہ مہمان آئیں گے اس لئے بہتر انتظامات ہونے چاہئیں۔ تمام منتظمین صبر، حوصلہ کے ساتھ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کریں۔

## شاملین جلسہ سالانہ UK کو زریں نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 جولائی | 2008ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 15/اگست | 2008ء |

جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی ہمپشائر یوکے میں جلسہ سالانہ خلافت جوبلی کے موقع پر حضور نے شاملین جلسہ سالانہ UK کو زریں نصائح سے نوازا۔ دعاؤں پر زور دینے، عبادت کا قیام، سلام کو رواج دینا اور انتظامی امور سے متعلق تعاون کرنے اور ہدایات سے نوازا۔ اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں اور جلسہ میں شمولیت کا مقصد خالصۃً للّٰہی ہونا چاہئے۔ خلافت کا انعام عبادت گزار لوگوں کے ساتھ وابستہ ہے پس ان نمازوں کی حفاظت کریں۔ جلسہ کے حوالہ سے ماحول پر نظر رکھیں۔ انتظامیہ سے تعاون کریں اور صفائی وغیرہ کا خیال رکھیں۔

## جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء کا کامیاب انعقاد اور اظہار تشکر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم اگست | 2008ء |
| الفضل | 9 ستمبر | 2008ء |

الحمدللہ کہ جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء کا کامیابی سے انعقاد ہو گیا۔ یہ جلسہ اللہ کے بیشمار فضلوں اور برکات کو سمیٹنے والا تھا۔ غیر معمولی اہمیت کے پیش نظر بہت زیادہ لوگ سفر کی مشکلات کے باوجود تشریف لائے۔ خاص طور پر پاکستان سے۔ کل حاضری 40 ہزار سے زائد تھی۔ 85 ممالک کی نمائندگی ہوئی۔ برطانیہ اور دوسرے ممالک کے غیر از جماعت معززین بھی شامل ہوئے۔ انہوں نے نیک جذبات اور تاثرات کا اظہار کیا اور احمدیوں کے سلوک سے بہت متاثر ہوئے۔ جرمنی سے 100 سائیکل سوار بھی آئے۔ 2500 لوگوں کے لئے مختلف زبانوں میں ترجمہ کا انتظام تھا۔ کارکنان کی تعداد 3500 تھی۔ جملہ کارکنان جلسہ اور MTA شکریہ کے مستحق ہیں۔

## صفت المہیمن کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8/اگست | 2008ء |
| الفضل | 16 ستمبر | 2008ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت المہیمن کے لغوی معانی، مختلف مفسرین اور ارشادات حضرت مسیح موعود کی روشنی میں پُر معارف تشریح فرمائی۔ المہیمن کے معنی گواہ، نگران، محافظ، امین اور دوسرے معانی بھی ہیں۔ قرآن کریم میں یہ صفت دو جگہ بیان ہوئی ہے۔ مفسرین نے قرآن کریم کے مہیمن علیہ ہونے کے معنی بھی کئے ہیں۔ قرآن ایک زندہ اور روشن کتاب ہے اس کے بغیر عملی زندگی میں کوئی روشنی اور نور پیدا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اس کو کثرت سے پڑھیں۔ جب بندہ اپنی رضا کو اللہ کی رضا کے تابع کر لیتا ہو تو پھر اللہ اس کا محافظ بن جاتا ہے۔ خطبہ ثانیہ میں جامعہ قادیان کے دو طلباء وسیم احمد صاحب اور حافظ اطہر احمد صاحب کی وفات کا ذکر فرمایا۔

## تعمیر بیوت الذکر کا مقصد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15/اگست | 2008ء |
| الفضل | 23 ستمبر | 2008ء |

حضور نے یہ خطبہ ہمبرگ جرمنی میں ارشاد فرمایا۔ ہمبرگ کے دورہ کے دوران دو بیوت الذکر کا افتتاح کرنا بھی ہے۔ اس حوالہ سے تعمیر بیوت الذکر کے دینی

مقاصد پر حضور نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ بیوت الذکر کا مقصد تزکیہ نفس، حقوق اللہ، حقوق العباد کی ادائیگی اور لوگوں کو عدل و انصاف فراہم کرنا ہے۔ تعمیر بیوت الذکر جماعت کے تعارف کا ذریعہ بھی بن رہی ہیں اس لئے احباب ان کے مقاصد کو یاد رکھیں۔ نیکیوں کے حصول اور برائیوں کے خلاف جہاد ضروری ہے۔

## جلسہ سالانہ جرمنی

## اغراض جلسہ اور عبادات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22/اگست | 2008ء |
| الفضل | 30 ستمبر | 2008ء |

جلسہ سالانہ جرمنی 2008ء کے موقع پر منہائم جرمنی سے حضور نے خطبہ جمعہ سے جلسہ کا افتتاح فرمایا اور جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ ان کا مقصد دنیا کی محبت ٹھنڈی کر کے اللہ کی محبت غالب کرنا ہے۔ نمازوں اور اخلاق کو درست کریں اور پھر جلسہ کے فیض و برکات حاصل کریں۔ میاں بیوی کے جھگڑوں کو ختم کرنے کے لئے جذبات پر کنٹرول کریں تو یہ مسائل پیدا نہ ہوں۔ جلسہ سالانہ کی تقاریر اور پروگرامز میں بھرپور حصہ لیں اور درود شریف پڑھتے رہیں۔

## جلسہ سالانہ جرمنی کا کامیاب انعقاد اور مہمانوں کے نیک تاثرات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29/اگست | 2008ء |
| الفضل | 7/اکتوبر | 2008ء |

بیت الفتوح مورڈن میں خطبہ ارشاد فرمایا اور حالیہ جلسہ سالانہ جرمنی کے بابرکت اور کامیاب انعقاد اور اس کے بارہ میں مہمانوں کے نیک تاثرات و جذبات کے اظہار کے بارہ میں بیان فرمایا۔ جماعتی جلسے احمدیوں کی اخلاقی اور دینی ترقی کے لئے جاری کئے گئے ہیں۔ پس اپنی حالتوں کی طرف توجہ دینی چاہئے تاکہ دنیا کو خدا کے قریب لا کر حقیقی سکون مہیا کرنے والے بن سکیں۔ حضور نے جلسہ کے عمدہ انتظامات کا تذکرہ فرمایا۔ دیگیں دھونے والی مشین جسے آٹو میٹک بنا دیا گیا ہے اس کا بھی حضور نے ذکر فرمایا۔ آخر میں حضور نے ہندوستان اور پاکستان کے بعض علاقوں کے حالات بیان فرمائے اور دعا کی تحریک فرمائی۔

## رمضان المبارک حصول تقویٰ اور قرب الٰہی پانے کا ذریعہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 5 ستمبر | 2008ء |
| الفضل | 14/اکتوبر | 2008ء |

رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کے موقع پر جو کہ خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کا پہلا رمضان ہے حضور نے رمضان کی برکات اہمیت اور مقاصد سورۃ البقرہ آیات 184-187 کی تلاوت کرتے ہوئے بیان فرمائے۔ رمضان ایک روحانی تربیتی کورس ہے۔ یہ انسان کے تقویٰ میں ترقی، خدا کا قرب پانے اور قبولیت دعا کا ذریعہ ہے۔ رمضان کے سجدوں اور دعاؤں سے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں، اللہ کی خاطر خالص کرتے ہوئے اس رمضان کو گزاریں۔

## ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اور سیٹھ محمد یوسف صاحب

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 12 ستمبر | 2008ء |
| الفضل | 21/اکتوبر | 2008ء |

گزشتہ دنوں شہادت کا درجہ پانے والے محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میرپور خاص اور محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نوابشاہ کا ذکر خیر حضور نے فرمایا۔ شہید کے مقام اور مرتبہ کا بھی ذکر فرمایا۔ اللہ کی خاطر جان دینے والے کا اللہ کے حضور بہت بڑا مقام ہوتا ہے۔ صبر دعا اور استقامت کے ساتھ ابتلاؤں سے گزرنے والی قوم ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔ حضور نے مرحومین کے واقعہ شہادت اور ان کے شمائل و خدمات کا تذکرہ فرمایا۔ آخر پر دو احمدی زخمیوں مکرم شیخ سعید احمد صاحب آف کراچی اور ڈاکٹر صدیقی صاحب کے گارڈ عارف صاحب جو صدیقی صاحب کی شہادت کے وقت زخمی ہوئے ان کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

## رمضان کی برکات اور قرب الٰہی کا مہینہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 19 ستمبر | 2008ء |
| الفضل | 4 نومبر | 2008ء |

رمضان کا پہلا عشرہ رحمت دوسرا مغفرت اور آخری عشرہ آگ سے نجات دینے والا ہے۔ مغفرت اور آگ سے نجات کے حوالہ سے حضور نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ یہ مہینہ قرب الٰہی عطا ہونے والا ہے۔ استغفار اللہ کی طرف جانے کا ایک رستہ ہے۔ استغفار اور نیک اعمال رمضان کے آخری عشرہ میں داخل کریں گے تو آگ سے نجات پا جائیں گے۔ رمضان صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا اجر جنت ہے۔ اس مہینے میں ہر احمدی کو دعاؤں، استغفار، نوافل اور صبر کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ آخر پر حضور نے شیخ سعید احمد صاحب آف کراچی کی شہادت اور شام کی ایک خاتون اور ایک شامی احمدی کی وفات کا ذکر فرمایا اور نماز جنازہ غائب کا اعلان کیا۔

## جمعۃ المبارک کی اہمیت و برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 26 ستمبر | 2008ء |
| الفضل | 28/اکتوبر | 2008ء |

حضور نے سورۃ جمعہ کے آخری رکوع کی تلاوت فرمائی اور پھر اس کی روشنی میں جمعۃ المبارک کی اہمیت اور برکات کا ذکر فرمایا۔ جمعہ اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے۔ تمام دنوں کا سردار ہے۔ اس دن کی نیکیوں کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔ اس دن خدا کی عبادت کی طرف دوڑتے ہوئے جانے اور کاروبار بند کرنے کا حکم ہے گویا اصل خیر جمعہ کی عبادت میں ہے۔

## صفت المہیمن کی پُرمعارف تشریح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3/اکتوبر | 2008ء |
| الفضل | 18 نومبر | 2008ء |

اس کے معنی نگران اور محافظ کے بھی ہیں۔ اللہ کی صفات کے سب سے بڑے مظہر انبیاء ہوتے ہیں۔ آنحضورؐ پر پانچ ایسے مواقع آئے جن سے بظاہر بچنا محال نظر آتا تھا۔ گھر کا محاصرہ، غار ثور، احد کا موقع، یہودیہ کا زہر دینا اور خسرو پرویز کی طرف سے قتل کا ارادہ لیکن اللہ نے آپ کو اپنی حفظ و امان میں رکھا۔ حضرت مسیح موعود نے بھی اپنے پانچوں ایسے مواقع بتائے جب دشمن غالب نظر آتا تھا اور جان خطرے میں تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو محفوظ رکھا۔ جماعت میں بہت سے بزرگان کے ساتھ بھی حفاظت الٰہی کے مواقع پیش آتے رہے ہیں۔ حضور نے اپنی رویا کی روشنی میں جماعت کو رب کل شئی خادمک رب فاحفظنی وانصرنی وارحمنی کی دعا بکثرت پڑھنے کا ارشاد فرمایا۔

## حقیقی عید

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عیدالفطر | 2/اکتوبر | 2008ء |
| خلاصہ الفضل | 8/اکتوبر | 2008ء |

خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کی پہلی عیدالفطر حضور نے بیت الفتوح مورڈن میں پڑھائی اور پُرمعارف خطبہ عید ارشاد فرمایا جس میں حقیقی عید اور اس کی خوشی حاصل کرنے کا فلسفہ بیان فرمایا کہ اصل عید تو روحانی رزق کی فراوانی کا نام ہے جو اللہ کے انعامات سے پُر ہو۔ رمضان کی عبادات کو اپنی زندگیوں میں جاری رکھنا اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنے گا اور یہی حقیقی عید ہے جس کی خوشیاں دائمی ہیں۔ حضور نے عید مبارک بھی پیش فرمائی اور احباب کو دعاؤں کی تحریک کی۔

## فرانس کی پہلی بیت الذکر کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10/اکتوبر | 2008ء |
| الفضل | 2 دسمبر | 2008ء |

حضور نے بیت مبارک بیت السلام پیرس میں خطبہ جمعہ کے ذریعے فرانس کی پہلی باقاعدہ بیت الذکر کا افتتاح فرمایا۔ حضور نے اس سعادت پر اہل فرانس کو عبادات اور تقویٰ میں آگے بڑھنے کی نصیحت فرمائی۔ انسان کو تقویٰ کو ہر چیز پر مقدم رکھنا چاہئے۔ حضور نے فرمایا آج فرائیڈے دی ٹینتھ ہے اور فرانس کی پہلی بیت الذکر کا افتتاح ہے۔ اللہ تعالیٰ ان برکات کو فرانس کے لئے سنگ میل بنا دے۔ خطبہ ثانیہ میں حضور نے مولانا بشیر احمد قمر صاحب اور مولانا عبدالرشید رازی صاحب کی وفات اور نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا۔

## بیت خدیجہ برلن کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17/اکتوبر | 2008ء |
| الفضل | 25 نومبر | 2008ء |

جرمنی کے مشرقی حصہ میں تاریخی شہر برلن میں پہلی بیت الذکر بیت خدیجہ کے افتتاح کے موقع پر حضور نے خطبہ بیت خدیجہ میں ارشاد فرمایا۔ یہ بیت الذکر لجنہ اماء اللہ کی قربانی سے تعمیر ہوئی ہے۔ 1922ء میں خلافت ثانیہ کے وقت یہاں مشن کا قیام ہوا اور پھر بیت الذکر کی تعمیر کی کوشش ہوئی مگر بعض رکاوٹوں کی وجہ سے منصوبہ مکمل نہ ہو سکا۔ اب اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ہے اور اس کی تعمیر پر 17 لاکھ یورو خرچ آیا ہے۔ پس قربانی کرنے والے جتنا بھی اللہ کا شکر کریں اتنا ہی کم ہے۔ حضور نے بیت الذکر کا حق ادا کرنے کے لئے ہر قسم کی اخلاقی کمزوریوں کو دور کرنے اور اعلیٰ اخلاق اختیار کرنے کی تلقین فرمائی۔

## گرین وچ مین ٹائم کیا ہے؟

GMT یا گرین وچ مین ٹائم لندن کی گرین وچ رصدگاہ کا مقامی وقت ہے۔ 0° طول بلد کی لائن (جہاں سورج دوپہر کے وقت عین سر پہ ہوتا ہے) رصدگاہ کے اندر سے گزرتی ہے۔ GMT کو یونیورسل یا عالمگیر وقت بھی کہتے ہیں۔ یہ دنیا بھر میں معیاری وقت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

## مسل نمبر 97078 میں ناصر احمد

ولد چوہدری مبشر احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جھنگی محلّہ راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-10-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ناصر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر ارشد احمد وصیت نمبر 28504۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالمجید اختر ولد چوہدری ظہیر الدین (مرحوم)

## مسل نمبر 97079 میں رفعت سیما شاہد

زوجہ شاہد احسن خان قوم یوسف زئی پیشہ ٹیچر عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن النور کالونی راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر -/10000 روپے (2) طلائی زیور ساڑھے تین تولے مالیتی -/87500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت ٹیچر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ رفعت سیما شاہد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ثناء اللہ ولد محمد ظفر الہادی (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 شاہد احسن خان خاوند موصیہ

## مسل نمبر 97080 میں شازیہ احسن خان

بنت شاہد احسنخان قوم یوسف زئی پیشہ خانہ داری عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن النور کالونی راولپنڈی بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/800 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ احسن خان۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ثناء اللہ۔ گواہ شد نمبر 2 شاہد احسن خان والد موصیہ

## مسل نمبر 97081 میں طاہرہ منصور

بنت محمد طاہر منصور قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کالج روڈ راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 28-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی بالیاں ایک ماشہ اندازاً مالیتی -/2100 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ طاہرہ منصور۔ گواہ شد نمبر 1 محمد طاہر منصور والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 محمد اعظم صدیقی ولد محمد اسلم صدیقی

## مسل نمبر 97082 میں الماس منیر

زوجہ محمد منیر چوہدری قوم راجپوت سلہری پیشہ خانہ داری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اقبال ٹاؤن راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 119-490 گرام مالیتی -/180050 روپے (2) حق مہر -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ الماس منیر۔ گواہ شد نمبر 1 قریشی طاہر احمد ناصر ولد قریشی عبدالرزاق۔ گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد وقاص ولد قریشی طاہر احمد ناصر

## مسل نمبر 97083 میں صبا تیمور

زوجہ میجر تیمور احمد قوم ککے زئی پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سبزہ زار کالونی راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 9-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 27 تولے مالیتی -/425000 روپے (2) حق مہر -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صبا تیمور۔ گواہ شد نمبر 1 کمانڈر ناصر احمد وصیت نمبر 47327۔ گواہ شد نمبر 2 میجر تیمور احمد خاوند موصیہ

## مسل نمبر 97084 میں سید رافع منیب

ولد سید ارشاد احمد قوم سید پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شیر زمان کالونی راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 1-1-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سید رافع منیب۔ گواہ شد نمبر 1 سید ارشاد احمد والد موصی۔ گواہ شد نمبر 2 سید انس احمد ولد سید ارشاد احمد

## مسل نمبر 97085 میں عمر احمد منصور

ولد منصور احمد منصوری قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاہلی موری راولپنڈی بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عمر احمد منصور۔ گواہ شد نمبر 1 حبیب احمد وصیت نمبر 23885۔ گواہ شد نمبر 2 سید ارشاد احمد ولد سید شوکت علی

## مسل نمبر 97086 میں عظمیٰ اعجاز

زوجہ ملک احتشام الحق قوم قطب شاہی اعوان پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لالہ زار راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 4-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 18 تولے اندازاً مالیتی -/365400 روپے (2) بینک بیلنس -/100000 روپے (3) حق مہر اداشدہ -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عظمیٰ اعجاز۔ گواہ شد نمبر 1 ملک احتشام الحق خاوند موصیہ وصیت نمبر 77550 گواہ شد نمبر 2 بریگیڈئر اعجاز احمد ولد ملک محمد خان

## مسل نمبر 97087 میں ثمینہ صدیقی

